بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ان کے بینک اکاؤنٹس کی بائیومیٹرک تصدیق کے لیے سہولت

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے سمندر پار پاکستانیوں کو اکاؤنٹ کی بائیومیٹرک تصدیق سے استثناء فراہم کرنے کی ہدایات بذریعہ بی پی آرڈی سرکُلر خط نمبر 16 مورخہ 03.06.2019 جاری کی ہیں۔

غیر مقیم پاکستانی

غیر مقیم پاکستانیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پاکستان سے باہر رہائش کی تصدیق کیلئے درج ذیل دستاویزات بذریعہ بینک میں رجسٹرای میل (e-mail) یا کوریئر اپنی بینک برانچ کو فراہم کریں۔

(1) موثر پاسپورٹ، ویزہ، اخراج کی مہر، اجازت نامہ قیام وغیرہ

(2) موثر سی این آئی سی / نیکوپ کی کاپی (قومی شناختی کارڈ/قومی شناختی کارڈ برائے بیرون ممالک پاکستانی)

(3) اکاؤنٹ کی بائیومیٹرک تصدیق سے مستثنیٰ ہونے کا بیان حلفی

(**غیر مقیم پاکستانی:** انکم ٹیکس آرڈیننس 2001-باب 5، ڈویژن II، سیکشن 82 کے تحت وہ فرد غیر مقیم پاکستانی برائے ٹیکس سال تصور ہوگا جو ٹیکس سال، یا ٹیکس سال کے دوران 183 یا اس سے زائد دنوں تک پاکستان سے باہر مقیم رہے)

عارضی طور پر بیرون ملک مقیم پاکستانی

وہ صارفین جو غیر مقیم پاکستانی کی تشریح پر پورا نہ اترتے ہوں مگر موجودہ/عارضی طور پر کسی بھی وجہ سے پاکستان سے باہر مقیم ہوں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پاکستان میں عدم موجودگی کی تصدیق کیلئے درج ذیل دستاویزات بذریعہ بینک میں رجسٹرای میل (e-mail) یا کوریئر اپنی بینک برانچ کو فراہم کریں۔

(1) موثر پاسپورٹ، ویزہ، اخراج کی مہر، اجازت نامہ قیام وغیرہ

(2) موثر سی این آئی سی / نیکوپ کی کاپی (قومی شناختی کارڈ/قومی شناختی کارڈ برائے بیرون ممالک پاکستانی)

(3) اکاؤنٹ کی بائیومیٹرک تصدیق سے مستثنیٰ ہونے کا بیان حلفی

عارضی طور پر پاکستان سے باہر مقیم پاکستانیوں کے اکاونٹ کو حاصل بائیومیٹرک تصدیق سے استثناء متوقع واپسی کی تاریخ یا 6 ماہ کے بعد موثر نہ رہے گا (جو بھی پہلے ہو)

نوٹ: ☆ مشترکہ (جوائنٹ) اکاؤنٹ کی صورت میں بائیومیٹرک تصدیق کا عمل ہر فرد کی انفرادی حیثیت کے مطابق ہوگا۔

☆ بیان حلفی کیلئے بینک کی ویب سائٹ www.bop.com.pk یا اپنی برانچ سے رجوع کریں۔

☆ مزید معلومات اور رہنمائی کیلئے اپنی برانچ یا 200-267-111-42 92 پر رابطہ کریں۔